Tarjuma Tul Quran Majeed - ICS Part 2 Tarjmatul Quran Chapter 11 Short Questions Test

Q1. اسلام سے پہلے مال غنیمت کے بارے میں کیا تصور تھا؟

Ans 1: ظہور اسلام سے قبل ہونے والی جنگوں میں یہ خیال کیا جاتا تھا کہ میدان جنگ میں و مال جس کے ہاتھ آگیا وہ اسی کی ملکیت ہے- اس زمانے میں لوگ مال و دولت کے حصول کے لیے بھی جنگوں میں شریک ہوتے تھے- سورۃ االانفال میں اس جاہلانہ تسؤر کی نفی کی گئی ہے اور بتایا گیا ہے کہ اسلام میں جہاد کا مقصد صرف اور صرف اللہ تعالی کی رضا حاصل کرنا ہے.

Q2. سورۃ آلتوبہ قرآن مجید کی ترتیب کے اعتبار سے کون سی سورت ہے.

Ans 1: سورۃ التوبہ قرآن مجید کی ترتیب کے اعتبار سے نویں سورت ہے.

Q3. سورہ البقرہ کی فضیلت بیان کریں

Ans 1: سورۃ البقرہ بہت فضیلت والی سورت سے ہے- صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنھم کے زمانے میں یہ شخص سورۃ البقرہ اور سورۃ ال عمران کا عالم ہوتا تھا اسے بہت عظیم اور لائق تکریم شمار کیا جاتا تھا.

Q4. نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین نے سورہ البقرہ کے بارے میں کیا فرمایا.

Ans 1: سورۃ البقرہ قرآن مجید کی سات طویل سورتوں میں سب سے بڑی سورت ہے- ان سورتوں کے متعلق نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جس نے قرآن مجید کی سات طویل سورتوں کے علم کو حاصل کرلیا وہ بہت بڑا عالم بن گیا.

Q5. سورۃ ال عمران کی کون سی آیت مباہلہ کہلاتی ہے.

Ans 1: سورۃ ال عمران کی ایت اکسٹھ ایت مباہلہ کہلاتی ہے.

Q6. سورۃ البقرہ کے مضامین کی گہرائی اور وسعت کے بارے میں تحریر کریں-

Ans 1: سورۃ البقرہ کے مضامین کی گہرائی اور وسعت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالی عنہ جیسے جلیل القدر صحابی کو اس سورت کو مکمل طور پر سیکھنے مین بارہ سال لگے، جب کہ ان کے صاحبزادے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالی عنہ نے اس سورت کو آٹھ سال میں اس کے تمام مضامین کے ساتھ سیکھا.

Q7. سورۃ الانفال میں کتنی آیات ہیں

Ans 1: سورۃ الانفال میں کل پچھتر آیات ہیں

Q8. لفظ کے معنی تحریر کریں- الحی - سنۃ - بین ایدیھم - لایحیطون - الربوا- و ان تبدوا- کل

Ans 1: الحی - زندہ - سنتہ - اونگھ - بین ایدیھم- ان کے سامنے - لایحیطون- وہ احاطہ نہیں کرسکتے- الربوا- سود و ان تبدوا- اور اگر تم ظاہر کرو- کل - سب کے سب

Q9. انفال کی معنی کیاہیں-

Ans 1: انفال" نفل کی جمع ہے ، نفل زائد چیز کو کہتے ہیں- مال غنیمت کو "نفل" اس لیے کہا جاتا ہے کیوں کہ وہ اصل مقصود سے زائد ہوتا تھا.جہاد سے مقصود تو" آخرت کا اجر اور اللہ تعالی کی رضا ہے- مال کا ملنا، اللہ تعالی کا فضل اور عطیہ ہے. اس لیے مال غنیمت کا انفال کہا گیا ہے.

Q10. سورہ البقرہ کو سورہ البقرہ کیوں کہا جاتا ہے.

Ans 1: سورۃ البقرہ کی آیات سرسٹھ تا تہتر میں اس گائے کا واقعہ مذکور ہے جسے زبح کرنے کا حکم بنی اسرائیل کودیا گیا تھا- اس لیے اس سورت کا نام سورہ البقرہ ہے.